بسم اللہ الرحمن الرحیم

بچی کا نام "فضہ" رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام "فضہ" رکھنا کیسا؟

جواب

"فضہ" ف کے زیر اور ض کی تشدید کے ساتھ، نام رکھنا بالکل درست ہے، اس کا معنی ہے: "چاندی۔" اور یہ حضرت سیدہ خاتون جنت بی بی فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالی عنھا کی کنیز کا نام ہے۔

فضہ کے معنی کے حوالے سے القاموس الوحید میں ہے: "الفِضَّة: چاندی"۔ (القاموس الوحید، باب الفاء، صفحہ 1239، مطبوعہ لاہور)

اس کی لغت بیان کرتے ہوئے تکملۃ الاکمال میں ہے: "أما فضة: بكسر الفاء وتشديد الضاد المعجمة فهي۔۔۔مولاة أهل البيت عليهم السلام" ترجمہ: بہر حال فضہ: فاء کی زیر اور نقطے والی ضاد کی تشدید کے ساتھ (فِضَّہ) ہے، تو وہ اہل بیت علیھم السلام کی آزاد کردہ لونڈی ہیں۔ (تکملۃ الإکمال، باب فضۃ وقصۃ، جلد 4، صفحہ 489، مطبوعہ سعودیہ)

اسد الغابۃ میں ہے "فضة النوبية جارية فاطمة الزهراء بنت رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" یعنی: فضہ نوبیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالی عنھا کی کنیز ہیں۔ (اسد الغابۃ، جلد 7، صفحہ 230، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

مزید اسلامی نام اور ناموں کے متعلق شرعی احکام جاننے کے لیے درج ذیل لنک سے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" ملاحظہ کریں:

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4951

تاریخ اجراء: 20 شوال المکرم 1447ھ/09 اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net